

# مارکیٹ پلیس کے ذریعے میڈیکیڈ اور چپ کے لیے اپلائی کریں

ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس (Health Insurance Marketplace®) افراد اور فیملیز کو صحت کی کوریج تلاش اور حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ مارکیٹ پلیس کے ذریعے کوریج کی درخواست کرنے والے کچھ لوگ میڈک ایڈ یا بچوں کے ہیلتھ انشورنس پروگرام (CHIP) کے ذریعے کوریج کے اہل ہوتے ہیں۔ اگر وہ اہل ہوں تو ریاست ان کا اندراج کرے گی۔

میڈک ایڈ اور CHIP مفت یا کم قیمت ہیلتھ پروگرام ہیں جو کئی فوائد کا احاطہ کرتے ہیں، بشمول داخل مریض اور بیرونی مریضوں کا ہسپتال میں داخلہ، ڈاکٹر کی خدمات اور نسخے پر دی گئی ادویات۔ ان پروگرامز کے نام ریاست کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں۔ اپنی ریاست میں میڈک ایڈ اور CHIP پروگراموں کے نام جاننے کے لئے HealthCare.gov/medicaid-chip-program-names ملاحظہ کریں۔

## میڈک ایڈ یا CHIP کی درخواست کیسے دی جا سکتی ہے؟

آپ 2 طریقوں سے درخواست دے سکتے ہیں:

### 1. مارکیٹ پلیس کے ذریعے

- مارکیٹ پلیس اکاؤنٹ بنانے اور درخواست مکمل کرنے کے لئے HealthCare.gov ملاحظہ کریں۔
- اپنی درخواست پر "Check for all savings options" (بچت کے تمام آپشنز چیک کریں) کو منتخب کریں۔
- گر آپ کی درخواست میں موجود معلومات ظاہر کریں کہ آپ کے گھرانے کا کوئی شخص میڈک ایڈ یا CHIP کا اہل ہو سکتا ہے تو مارکیٹ پلیس محفوظ طریقے سے ریاست کو آپ کی درخواست بھیج دے گا۔ اگر آپ کے گھرانے کا کوئی فرد اہل ہوا یا اگر انہیں اہلیت کی تصدیق کے لئے مزید معلومات کی ضرورت ہوئی تو آپ کی ریاست آپ سے رابطہ کرے گی۔
- آپ درخواست دینے کے لئے مارکیٹ پلیس کے کال سنٹر کو بھی 1-800-318-2596 پر کال کر سکتے ہیں۔ TTY صارفین 1-855-889-4325 پر کال کر سکتے ہیں۔

### 2. براہ راست آپ کی ریاست کے ساتھ

- درخواست دینے کے لئے Medicaid.gov/about-us/beneficiary-resources/index.html#statemenu ملاحظہ کریں اور اپنی ریاست تلاش کریں۔

## کون میڈک ایڈ یا CHIP کا اہل ہوتا ہے؟

میڈک ایڈ اور CHIP چند کم آمدن رکھنے والے افراد، فیملیز اور بچوں، حاملہ خواتین، بزرگ اور معذور افراد کو کم قیمت صحت کی کوریج فراہم کرتے ہیں۔ کچھ ریاستوں میں پروگرام دیگر بالغ افراد کا بھی احاطہ کرتے ہیں۔ بچے اور حاملہ خواتین جن کی فیملی کی آمدن میڈک ایڈ کے لحاظ سے زیادہ ہو، وہ CHIP کے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ ایسی ریاست میں رہتے ہیں جس نے بالغ افراد کے لئے میڈک ایڈ کو توسیع دی ہے تو اگر آپ سال میں فی شخص $20,120 یا 4 افراد پر مشتمل فیملی کے لئے $41,400 تک کماتے ہیں تو آپ 2023 میں اہل ہو سکتے ہیں (الاسکا اور ہوائی میں آمدن کی رقوم مختلف ہیں)۔ آپ آمدن کے علاوہ دیگر وجوہات کی بناء پر بھی اہل ہو سکتے ہیں۔ ہر ریاست کے مختلف تقاضے ہوتے ہیں جو میڈک ایڈ اور CHIP کے لئے آپ کی اہلیت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، جیسا کہ اگر آپ کے بچے ہیں، آپ حاملہ ہیں یا معذور ہیں۔ اپنی اہلیت جاننے کے لئے اور حالیہ ترین معلومات کے حصول کے لئے درخواست دینا اہم ہے۔

اگر آپ کی آمدن عام طور پر اہل رقوم سے زیادہ ہے تو بھی آپ اپنی طبی ضروریات کی بنیاد پر چند ریاستوں میں میڈک ایڈ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ یہ جاننے کے لئے کہ کیا آپ اس وجہ سے اہل ہیں، آپ اپنی مارکیٹ پلیس درخواست کے ایک خانے پر نشان لگا کر درخواست جمع کروانے کے بعد پورے میڈک ایڈ تعین کے حصول کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## میڈک ایڈ کن چیزوں کا احاطہ کرتا ہے؟

تمام ریاستی میڈک ایڈ پروگرام عام طور پر درج ذیل کا احاطہ کرتے ہیں:

- سند یافتہ بچوں کی اور فیملی نرس پریکٹیشنر کی خدمات
- ڈاکٹر کی خدمات
- ابتدائی اور وقفے وقفے سے جانچ، تشخیص اور علاج (EPSDT) کی خدمات
- خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اور سامان
- وفاقی سطح پر اہل مرکز صحت کی خدمات
- گھر پر صحت کی خدمات
- ہسپتال میں داخل اور بیرونی مریضوں کے لئے ہسپتال کی خدمات
- لیباٹری اور ایکس رے کی خدمات
- طویل مدتی نگہداشت کی خدمات
- طبی فراہم کنندگان کے پاس آنے جانے کے لئے ضروری ذرائع نقل و حمل
- نرس دایہ کی خدمات
- نسخے کی ادویات
- دیہی ہیلتھ کلینک کی خدمات
- حاملہ خواتین کے لئے تمباکو کی روک تھام

ریاستیں درج بالا سے زائد خدمات کا احاطہ کرنے کا انتخاب کر سکتی ہیں۔

## CHIP کن چیزوں کا احاطہ کرتا ہے؟

ہر ریاست اپنا CHIP پروگرام رکھتی ہے۔ ریاستیں فیصلہ کر سکتی ہیں کہ CHIP کون سے وظائف کا احاطہ کرے گا، لیکن تمام ریاستیں درج ذیل کا احاطہ کرتی ہیں:

- دانتوں کی نگہداشت
- ہنگامی خدمات
- ہسپتال میں نگہداشت
- حفاظتی ٹیکے
- لیباٹری اور ایکس رے کی خدمات
- ذہنی صحت کی نگہداشت
- نسخے کی ادویات
- باقاعدہ معائنے

CHIP کے تحت بچے مفت انسدادی نگہداشت حاصل کرتے ہیں۔ کچھ ریاستیں دیگر خدمات کے لئے کم قیمت اشتراک چارج کرتی ہیں (جیسا کہ قابل کٹوتی یا مشترکہ ادائیگی)۔

## اگر میں میڈک ایڈ یا CHIP کا اہل ہوں تو کیا مجھے مارکیٹ پلیس پلان خریدنے کی ضرورت ہے؟

جی نہیں۔ اگر آپ کو حتمی تعین یہ ملے کہ آپ میڈک ایڈ کے اہل ہیں تو اسے کوریج یا CHIP کے لئے اہلیت تصور کیا جاتا ہے، آپ مارکیٹ پلیس کے منصوبے کی قیمت کی ادائیگی میں مدد کے لئے پریمیم ٹیکس کریڈٹ یا دیگر سیونگز کے اہل نہیں ہوں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ ابھی بھی مارکیٹ پلیس پلان خریدنے کا فیصلہ کریں تو آپ کو پلان پریمیم اور احاطہ کی گئی خدمات کی مکمل ادائیگی کرنی ہو گی۔ اہل کوریج تصور کیے جانے والے میڈک ایڈ کے بارے میں مزید جاننے کے لئے HealthCare.gov/medicaid-limited-benefits -

ااگر آپ مارکیٹ پلیس کوریج حاصل کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ کو اپنی ریاست کی میڈک ایڈ یا CHIP ایجنسی کو بتانا چاہیے کہ آپ نے مارکیٹ پلیس پلان میں اندراج کروایا ہے۔ اگر آپ نے مارکیٹ پلیس کوریج میں اندراج کروایا ہے تو ممکن ہے کہ آپ مزید CHIP کے اہل نہ ہوں۔

میڈک ایڈ یا CHIP ملنے کے بعد مارکیٹ پلیس کوریج ختم کرنے کے بارے میں جاننے کے لئے HealthCare.gov/medicaid-chip/canceling-marketplace-plan لاحظہ کریں۔

## کب درخواست دی جا سکتی ہے؟

چونکہ میڈک ایڈ اور CHIP میں اندراج کھلا ہونے کی مدت نہیں ہوتی، آپ کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں، خواہ آپ کی کوریج حال ہی میں ختم ہوئی ہو۔ آپ جتنی مرتبہ چاہیں درخواست دے سکتے ہیں۔ میڈک ایڈ یا CHIP کی درخواست (یا دوبارہ درخواست) دینے کے لئے Medicaid.gov/about-us/beneficiary-resources/index.html#statemenu ملاحظہ کریں اور اگلے مراحل کے لئے اپنی ریاست کا نام تلاش کریں۔ اگر آپ اہل ہوں تو آپ کی ریاست آپ کو کوریج کے آغاز کی تاریخ بتائے گی۔ میڈک ایڈ اور CHIP کوریج کے آغاز کی تاریخیں ریاست کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔

## میڈک ایڈ اور CHIP کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

- HealthCare.gov/medicaid-chip ملاحظہ کریں۔
- اپنی ریاست کے میڈک ایڈ اور CHIP کی رابطے کی معلومات حاصل کرنے کے لئے Medicaid.gov/about-us/beneficiary-resources/index.html#statemenu ملاحظہ کریں۔
- اپنی ریاست میں CHIP پروگرامز کے بارے میں مزید جاننے کے لئ InsureKidsNow.gov ملاحظہ کریں یا 1-877-543-7669 پر کال کریں۔

## مزید معلومات کہاں سے لی جا سکتی ہیں؟

برای کسب اطلاعات بیشتر در مورد Marketplace و مزایا و پوشش¬های خود، به **HealthCare.gov** مراجعه کرده یا با مرکز تماس Marketplace به شماره 1-800-318-2596 تماس بگیرید. کاربران TTY می توانند با شماره 1-855-889-4325.

آپ کو قابل رسائی شکل میں مارکیٹ پلیس کی معلومات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، جیسا کہ بڑا پرنٹ، بریل یا آڈیو۔
اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا ہے تو آپ کو شکایت دائر کرنے کا بھی حق حاصل ہے۔
مزید معلومات کے لئے **CMS.gov/about-cms/agency-information/aboutwebsite/cmsnondiscriminationnotice**
ملاحظہ کریں یا 1-855-889-4325 ۔ںیرک لاک رپ TTY نیفراص 1-800-318-2596 پر کال کر سکتے ہیں۔

HealthCare.gov

**Health Insurance Marketplace**
CMS Product No. 11800-UR (Urdu)
July 2023
This product was produced at U.S. taxpayer expense.
Health Insurance Marketplace® is a registered service mark of the U.S. Department of Health & Human Services.